# FACTSHEET



**اعلان دستبرداری:** یہ معلوماتی پرچہ صرف تعلیمی مقاصد کیلئے ہے۔ اگرچہ انگلش سے درست ترجمہ کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے، ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمے کا کام نہایت پیچیدہ ہوتا ہے لہذا بعض تراجم میں غلطیاں ہو سکتی ہیں۔ براہ مہربانی اپنے ڈاکٹر یا کسی اور ماہر صحت سے یہ یقینی بنانے کیلئے مشورہ کریں کہ یہ معلومات آپ کے بچے کیلئے ٹھیک ہیں۔

## نوزائیدہ بچوں میں یرقان
## Jaundice in newborn babies

یرقان جلد اور آنکھوں کے سفید حصے میں پیلاہٹ کا نام ہے۔ تمام نارمل نوزائیدہ بچوں میں سے تقریبا نصف میں یرقان دیکھا جاتا ہے۔ بالعموم اس کی وجہ سے کوئی مسائل نہیں ہوتے اور عام طور پر یہ پیدائش کے بعد پہلے ہفتے کے اختتام تک کم ہو جاتا ہے۔ اگر یرقان پیدائش کے بعد 24 گھنٹوں کے اندر ظاہر ہو یا2 ہفتے بعد بھی موجود رہے تو اپنے ڈاکٹر یا مقامی ہسپتال سے رابطہ کریں۔

### پیلاہٹ کی وجہ کیا ہے؟
### What causes the yellow colour?

انسانی جسم میں ہر وقت نیا خون بنتا رہتا ہے اور پرانا خون ختم ہوتا رہتا ہے۔ ختم ہونے والے خون کے سرخ خلیات سے بننے والی چیزوں میں سے ایک bilirubin کہلاتی ہے۔ bilirubin بالعموم جگر میں جا کر ایک عمل سے گزرتا ہے (جسے گھل جانا کہتے ہیں) اور پھر پاخانے کے ساتھ جسم سے نکل جاتا ہے۔ پیدائش کے بعد پہلے چند دنوں میں آپ کے بچے کا جگر اتنی اچھی طرح کام نہیں کرتا جتنی اچھی طرح یہ بعد میں کام کرتا ہے لہذا خون میں bilirubin اکٹھی ہو جانے کا رجحان ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے جلد اور آنکھوں کے سفید حصے میں پیلاہٹ پیدا ہوتی ہے۔

### کیا یرقان نقصان دہ ہے؟
### Is jaundice harmful?

بیشتر ننھے بچوں کیلئے یرقان نقصان دہ نہیں ہوتا۔ جگر میں (گھلنے کے) عمل سے نہ گزرنے والے bilirubin کی بہت بلند سطح کی وجہ سے سماعت کے مسائل ہو سکتے ہیں اور دماغ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہسپتال میں یہ یقینی بنانے کیلئے احتیاط کی جاتی ہے کہ bilirubin کی سطح زیادہ بلند نہ ہونے پائے۔ اگر یہ سطح زیادہ بلند ہو تو کچھ بچوں کو علاج کی ضرورت ہو گی۔ اس صورتحال میں عام ترین علاج یہ ہے کہ بچے کو خاص روشنیوں کے نیچے رکھا جاتا ہے (جسے فوٹو تھراپی کہتے ہیں)۔

دیر تک یرقان لاحق رہنے کی وجہ **جگر کی بیماری** بھی ہو سکتی ہے۔ اس لیے یہ اہم ہے کہ اگر یرقان دیر تک رہے (2ہفتوں سے زیادہ برقرار رہے) تو آپ اپنے مقامی ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ جگر کی بیماری کی ایک علامت یہ ہے کہ آپ کے بچے کا پاخانہ بہت ہلکی رنگت کا ہوگا بجائے اس کے کہ اس کی رنگت پیلی، سبز یا بھوری ہو۔ خون کے ٹیسٹ کے ذریعے bilirubin کی سطح چیک کرنا **(کل مقدار بھی اور گھلی ہوئی مقدار بھی)** جگر کے مسئلے کی موجودگی دریافت کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

**جگر کی بیماری کی وجہ سے ہونے والے یرقان کی فوری چھان بین ضروری ہوتی ہے تاکہ درست علاج شروع کیا جا سکے۔**

### کن بچوں کو یرقان ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے؟
### Which babies are more likely to have jaundice?

جن بچوں کو یرقان ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے، ان میں یہ شامل ہیں:

- وقت سے پہلے پیدا ہونے والے بچے۔
- کسی انفیکشن جیسے پیشاب کی نالی کے انفیکشن میں مبتلا بچے۔
- Rhesus (ریسس) یا Rh بچے۔ جس بچے کے خون کا گروپ اپنی ماں سے مختلف ہو، اس کے خون کے خلیات زیادہ تیزی سے ٹوٹ پھوٹ سکتے ہیں جس کے نتیجے میں یرقان ہو جاتا ہے۔

This document was last reviewed on 15 May 2015.

©The Children's Hospital at Westmead, Sydney Children's Hospital, Randwick and Kaleidoscope Children, Young People and Families

جو بچے ماں کا دودھ پیتے ہوں، انہیں بھی چار ہفتے یا اس سے زیادہ دیر تک یرقان رہ سکتا ہے اور اس کی وجوہ مکمل طور پر معلوم نہیں ہیں۔ تاہم یہ ایک ایسی تشخیص ہے جو دوسرے امکانات ردّ ہو جانے کے بعد ہی کی جا سکتی ہے اور یہ بات خود بخود قبول نہیں کر لینی چاہیئے کہ بچے کو دیر تک یرقان رہنے کی وجہ ماں کا دودھ ہے۔

جگر کی بیماری میں مبتلا بچے۔ ابتدائی مراحل میں یہ بچے دوسرے لحاظوں سے صحتمند دکھائی دے سکتے ہیں۔ بچے کے پاخانے کا رنگ دیکھنا بہت اہم ہے۔ اگر اس کا رنگ ہلکا ہو تو بچے کے خون کے ٹیسٹ کے ذریعے گھلنے کے عمل سے گزرے ہوئے (گھلے ہوئے) bilirubin کی سطح چیک کی جانی چاہیئے۔ اگر یہ سطح بلند ہو تو بچے کو جلد از جلد ایک سپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس بھیجنے کی ضرورت ہےجسے paediatric gastroenterologist (بچوں کے نظام انہضام اور جگر کا سپیشلسٹ) کہتے ہیں۔ ننھے بچوں میں یرقان کا باعث بننے والی جگر کی عام ترین بیماریوں میں سے ایک **Biliary Atresia** ہے۔

## یہ پیمائش کرنا کہ بچے کو کتنا یرقان ہے
### Measuring how much jaundice the baby has

خون کے ایک ٹیسٹ کے ذریعے bilirubin کی سطح چیک کی جاتی ہے۔ کچھ ہسپتال بچے کی جلد پر ایک آلہ لگا کر بھی ایک سکریننگ ٹیسٹ کرتے ہیں جس سے یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے کہ آیا خون کے ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔

یہ طے کرنے کیلئے خون کا ایک ٹیسٹ ضروری ہوتا ہے کہ آیا یرقان کی وجہ جگر کی بیماری ہے۔ اس کیلئے جگر کے فعل کے ٹیسٹوں کے ذریعے پیمائش ضروری ہوتی ہے نیز bilirubin کی کل مقدار اور **گھلی ہوئی** مقدار ماپنا بھی ضروری ہوتا ہے۔

نوٹ: ہو سکتا ہے کئی لیبارٹریاں صرف کل bilirubin کی پیمائش کریں ماسوائے اس کے کہ ڈاکٹر نے گھلی ہوئی سطح ماپنے کیلئے خاص ہدایت کی ہو۔

اس صورت میں ہسپتال کا عملہ خون کا ٹیسٹ کرے گا کہ::

- خطرے کے عوامل موجود ہوں مثلا وقت سے پہلے پیدائش۔
- یرقان زندگی کے پہلے دن کے دوران پایا جائے۔
- یرقان بہت زیادہ ہو
- دو ہفتے کی عمر کے بعد یرقان برقرار رہے

## علاج
### Treatment

پہلے ہفتے میں ہلکے یرقان کیلئے مائع پلانے کے علاوہ کوئی علاج ضروری نہیں ہوتا۔ نوزائیدہ بچوں کے جسم میں پانی کی اچھی مقدار جاتے رہنا نہایت ضروری ہے کیونکہ پانی کی تھوڑی سی کمی کی وجہ سے اکثر یرقان بہت بڑھ جاتا ہے۔

درمیانی حد کے یرقان کا علاج اس طرح کیا جاتا ہے کہ بچے کو ننگے بدن (آنکھوں پر حفاظتی ماسک لگا کر) ایک تیز روشنی یا نیلاہٹ مائل روشنی کے نیچے رکھا جاتا ہے۔ اسے **فوٹوتھراپی** کہتے ہیں اور یہ علاج کئی طریقوں سے محفوظ طور پر کیا جا سکتا ہے۔ فوٹو تھراپی کی روشنی جلد میں موجود bilirubin کو توڑ پھوڑ کر یرقان کو ہلکا کر دیتی ہے۔ اس علاج سے آپ کے بچے کا پاخانہ پتلا ہو سکتا ہے۔ اس مسئلے سے نبٹنے کیلئے آپ کے بچے کو زیادہ مائع پلایا جاتا ہے۔ نگرانی کے بغیر بچے کو دھوپ میں براہ راست رکھنے کا **مشورہ نہیں دیا جاتا** کیونکہ یہ نقصان دہ ہو سکتا ہے اور بچے کی جلد جھلس سکتی ہے۔

شدید یرقان میں آپ کے بچے کو خون لگانے کے خاص عمل کی ضرورت ہو سکتی ہے جس میں بچے کے خون کی جگہ تازہ خون دے کر (خون بدلنا) اس کے جسم سے bilirubin نکالا جاتا ہے۔

اگر جگر کی بیماری کے شواہد موجود ہوں (ہلکے رنگ کا پاخانہ، گہرے رنگ کا پیشاب، گھلی ہوئی bilirubin کی بلند سطح، جگر کے فعل کے ٹیسٹوں کے ابنارمل نتائج) تو بچے کو فوری طور پر Paediatric Gastroenterologist کے پاس بھیجنا ضروری ہوتا ہے۔

## کیا یرقان سے کوئی دیرینہ مسائل بھی ہوتے ہیں؟
### Are there any long-term problems from jaundice?

ننھے بچوں کو یرقان ہونے کے نتیجے میں بالعموم کوئی دیرینہ مسائل پیش نہیں آتے۔ جن بچوں کے یرقان کی سطح بلند ہو، ان کی سماعت کو باقاعدہ وقفوں سے چیک کروانا چاہیئے۔ بہترین یہ ہے کہ اس بارے میں آپ اپنے ڈاکٹر یا چھوٹے بچوں کی نرس سے مشورہ کر لیں۔ یرقان کی بہت بلند سطح کی وجہ سے دماغ کو نقصان پہنچنا اب نہایت شاذونادر ہے کیونکہ زندگی کے ابتدائی چند دنوں میں ہسپتال میں یا جلد ہسپتال چھوڑ دینے کی صورت میں گھر پر ایک ّپروگرام کے تحت یرقان کی سطح پر محتاط نظر رکھی جاتی ہے۔

## یاد رکھیں

- اگر یرقان 2ہفتے سے زیادہ دیر رہے تو اپنے ڈاکٹر یا مقامی ہسپتال سے رابطہ کریں۔
- اگرچہ ماں کا دودھ دیر تک یرقان رہنے کی ایک عام وجہ ہے، آپ کے ڈاکٹر یا ہسپتال کو دوسری وجوہ ذہن میں رکھنی چاہیئیں مثلا جگر کی بیماری۔
- ہلکے رنگ کا پاخانہ اور گہرے رنگ کا پیشاب جگر کی بیماری کی علامت ہو سکتی ہے۔ اس صورت میں یہ اہم ہے کہ خون کے ٹیسٹ کے ذریعے bilirubin کی کل مقدار اور گھلی ہوئی مقدار چیک کی جائے اور جگر کے فعل کے ٹیسٹ کیے جائیں۔

©The Children's Hospital at Westmead, Sydney Children's Hospital, Randwick and Kaleidoscope Children, Young People and Families